نماز جنازہ کا طریقہ اور دعا

نماز جنازہ قیام کی حالت میں چار تکبیرات کے ساتھ ادا کی جاتی ہے۔ یہ نماز سری ہے لیکن جہری بھی ادا کی جا سکتی ہے۔

جہری نماز میں صرف امام کی اقتداء کی جائے جب کہ سری نماز میں امام کی اقتداء کے ساتھ ساتھ ہر تکبیر کے بعد درج ذیل مسنون اذکار پڑھیں۔

1۔ پہلی تکبیر: سورۃ الفاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی اور سورۃ بھی ملا کر پڑھیں۔

2۔ دوسری تکبیر: درود شریف (درود ابراہیمی)۔

3۔ تیسری تکبیر: میت کی بخشش کے لیے مسنون دعا/دعائیں۔

4۔ چوتھی تکبیر: صرف دائیں طرف سلام پھیرنا یا دائیں اور بائیں دونوں طرف سلام پھیرنا۔ (بحوالہ احکام الجنائز، تصنیف ناصر الدین الالبانی)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ
وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ
وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ
وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَاَهْلًا خَيْرًا مِنْ اَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ
وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ.

(صحیح مسلم: 2232)

اے اللہ! اس کی بخشش فرما اور اس پر رحم فرما اور اس سے درگزر کر کے اسے معاف فرما دے

اور اس کی اچھی مہمانی کر اور اس کے داخل ہونے کی جگہ کشادہ کر دے اور اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال

اور اسے خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جیسے تو سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے

اور اسے اس کے اس گھر سے بہتر گھر اور اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کے ساتھی سے بہتر ساتھی عطا فرما

اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے عذاب قبر اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9

پبلی کیشنز
AL HUDA PUBLICATIONS

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی پاکستان
فون: +92-21-34528548 +92-21-34528547

www.alhudapk.com
www.farhathashmi.com

06010099

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION